سوال

(217) آپ ﷺ نے بیٹے ابراہیم علیہ السلام کی وفات پر تیسرے دن کھجوریں تقسیم کیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ ﷺ کے بیٹے ابراہیم علیہ السلام جب فوت ہوئے تو آپ ﷺ نے تیسرے دن کھجوریں تقسیم کیں۔

۱۔ ایک صحابی کا باپ فوت ہوا تو اس نے کھجوریں تقسیم کیں۔ آپ ﷺ نے پوچھا تو معلوم ہوا کہ اس صحابی کے باپ کے ایصالِ ثواب کے لیے ہیں۔ پھر آپ ﷺ نے کھائیں اور صحابہ رضی اللہ عنہم میں تقسیم کی تھیں۔

۲۔ کیا یہ سب کچھ صحیح ہے یا غلط؟ (سائل: حاجی مشتاق احمد محمدی چک... بہاولپور) (۱۲ دسمبر ۱۹۹۷ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ دونوں واقعات من گھڑت ہیں۔ شریعت میں ان کا کوئی ثبوت نہیں۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الجنائز: صفحہ: 224

محدث فتویٰ